اخبار الجامعة والجماعة

عیدالاضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم اُثریہ اور جامعہ اُثریہ للبنات میں تعطیلات

عیدالاضحیٰ کے موقع پر جامعہ علوم اُثریہ کے شعبہ کتب (قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ) میں تعطیلات مورخہ 5 جنوری بروز جمعرات سے شروع ہوکر مورخہ 20 جنوری بروز جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی۔ جبکہ شعبہ حفظ میں مورخہ 9 جنوری بروز سوموار دن ساڑھے دس بجے سے شروع ہوکر مورخہ 16 جنوری بروز سوموار کی شام تک ہوں گی۔

جامعہ اُثریہ للبنات کے تمام شعبہ جات میں تعطیلات مورخہ 5 جنوری بروز جمعرات سے شروع ہوکر مورخہ 20 جنوری جمعۃ المبارک کی شام تک ہوں گی (ان شاءاللہ)

وفیات

حافظ محمد عبداللہ صاحب کو صدمہ

مورخہ 18 اکتوبر بروز اتوار جامعہ کے مدیرالتعلیم حافظ محمد عبداللہ صاحب (فاضل مدینہ یونیورسٹی) کی اڑھائی ماہ کی چھوٹی بچی مختصر علالت کے بعد وفات پا گئی (انا للہ وانا الیہ راجعون) اس کی نماز جنازہ نماز تراویح کے بعد رات 9:30 بجے مولانا قطب شاہ صاحب نے پڑھائی جس میں جماعتی احباب نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ اللہ تعالیٰ ان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور اس کا نعم البدل عطا فرمائے (آمین)

محمد ارشد زرگر صاحب کو صدمہ

مورخہ 22 دسمبر بروز جمعرات ارشد زرگر صاحب کی پھوپھی محترمہ وفات پا گئیں (انا للہ وانا الیہ راجعون) مرحومہ بڑی ہی پاکباز اور پرہیز گار خاتون تھیں۔ مرحومہ کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔